PAPER CODE - 5023

نہم کلاس 12022

D

اردو لازمی | حصہ معروضی | وقت = 20 منٹ

گروپ : پہلا | DGK-G1-22 | کل نمبر=15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

1۔ مولانا محمد حسین آزاد ــــــ پیدا ہوئے۔
(A) لکھنؤ (B) دلی (C) بنارس (D) آگرہ

2۔ ــــــ کھیل کے پیچھے سارا دن دیوانہ بنا رہتا۔
(A) نصوح (B) بیدارا (C) سلیم (D) منجھلا لڑکا

3۔ کاکول اکیڈمی ــــــ واقع ہے۔
(A) ایبٹ آباد (B) مظفر آباد (C) نتھیا گلی (D) گھوڑا گلی

4۔ ماسٹر جی کے بیٹھنے کے لیے ــــــ منگوائی گئی۔
(A) پیڑھی (B) کرسی (C) بنچ (D) چارپائی

5۔ اللہ تعالیٰ کا اک بندہ ــــــ حمد سرا ہے۔
(A) نافرماں (B) تابع دار (C) فرماں بردار (D) خدمت گار

6۔ شاعر (امیر مینائی) کے لیے ــــــ باعث حرمت ہے۔
(A) خاکِ مکہ (B) خاکِ وطن (C) خاکِ مدینہ (D) سرمہ

7۔ استعارہ کے لغوی معنی ــــــ ہیں۔
(A) اشارہ کرنا (B) اُدھار لینا (C) ادھار دینا (D) نشان دینا

8۔ لفظ "آیت" کی جمع ــــــ ہے۔
(A) عایات (B) عنایتیں (C) آیات (D) عاتوں

9۔ "ابواب" کی واحد ــــــ ہے۔
(A) باب (B) بابوں (C) ابابِ (D) اب

10۔ "بوڑھا" کا مونث ــــــ ہے۔
(A) بیوہ (B) بڑھی (C) بوڑھی (D) بڑھیا

11۔ "تاخیر" کا متضاد ــــــ ہے۔
(A) قدیم (B) تقدیم (C) اقدیم (D) اقدام

12۔ "محبت" کا مترادف ــــــ ہے۔
(A) احباب (B) محب (C) حب (D) محبوب

13۔ خاتم النبیین رسول اکرم ﷺ نے ــــــ راتیں غار میں گزاریں۔
(A) تین (B) چار (C) پانچ (D) سات

14۔ کس نے سودا کو میر پر ترجیح دی؟
(A) ذوق نے (B) غالب نے (C) مومن نے (D) شیفتہ نے

15۔ "آثار الصنادید" کے مصنف ــــــ ہیں۔
(A) علامہ اقبال (B) میر درد (C) مرزا غالب (D) سرسید احمد خان

ParhloPakistan.com

گیارہویں کلاس 12022

اردو لازمی | پرچہ انشائیہ | وقت = 2 گھنٹے 10 منٹ

گروپ: پہلا | حصہ اول | کل نمبر = 60

DGK-G1-22

سوال نمبر۲۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) ۱۰ = ۲×۵

## حصہ نظم (تین اشعار کی تشریح)

(الف) یہاں ہے ظہور اور وہاں نور تیرا
مکاں میں بھی تو، لامکاں میں بھی تو ہے

(ب) ہرجا بچھا رہا ہے سبزہ ہرے بچھونے
قدرت کے بچھ رہے ہیں ہرجا ہرے بچھونے

(ج) تو ہی نظر آتا ہے ہرشے پہ محیط اُن کو
جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں رگلا تیرا

(د) جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور
رخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے

## حصہ غزل (دو اشعار کی تشریح)

(الف) دن زندگی کے ختم ہوئے شام ہو گئی
پھیلا کے پاؤں سوئیں گے کُنجِ مزار میں

(ب) میں بھی منہ میں زبان رکھتا ہوں
کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے

(ج) آتشِ غم میں دل بھنا شاید
دیر سے بُو کباب کی سی ہے

## حصہ دوم

سوال نمبر۳۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان ' خط کشیدہ الفاظ کے معانی سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۵+۵

(الف) اب کیا تھا والدین امتحانِ وکالت کی تیاری کے لیے سَر ہو گئے گھر میں بھی ایک ذات شریف ہوں۔ ایک بڑھیا اور ایک بوڑھے کو دھوکا دینا کیا بڑی بات ہے۔ میں نے تقاضا کیا کہ علیحدہ کمرہ مل جائے تو محنت کروں۔ بال بچوں کی گڑبڑ میں مجھ سے کچھ نہیں ہو سکتا۔ چند روز اسی حیلے سے ٹال دیے لیکن تا کجے ؟

(ب) شیخ جمّن کو بھی اپنی عظیم الشان ذمے داری کا احساس ہوا۔ اُس نے سوچا میں اس وقت انصاف کی اونچی مسند پر بیٹھا ہوں۔ میری آواز اس وقت حکمِ خدا ہے اور خدا کے حکم میں میری نیت کو مُطلق دخل نہ ہونا چاہیے۔ حق اور راستی سے جو بھر ٹلنا بھی مجھے دنیا اور دین ہی میں سیاہ بنا دے گا۔

سوال نمبر۴۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کیجیے ۱۰

(1) حضرت اسماءؓ کون تھیں ؟

(2) سلیم کی ماں نے سلیم کے ساتھ نصوح کے پاس جانے سے کیوں انکار کیا ؟

(3) روزانہ آرام و سکون نہ کیا جائے تو کیا نتیجہ نکلتا ہے ؟

(4) سبق " امتحان " میں والد نے مصنف کو کس طرح تسلی دی ؟

(5) دہشت گردی کے خاتمے میں کن دو اداروں کا اہم کردار ہے ؟

(6) نظم " حمد " میں اللہ کا گدا کس میں مگن رہتا ہے ؟

(7) اقبال کے نزدیک خلوتِ اوراق میں کون نغمہ زن تھے ؟

(8) بہادر شاہ ظفر نے اپنی کس بدنصیبی کا ذکر کیا ہے ؟

سوال نمبر۵۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے ۵

(i) نصوح اور سلیم کی گفتگو (ii) قدرِ ایاز

سوال نمبر۶۔ نظم " نعت " کا خلاصہ یا مرکزی خیال لکھیے نیز شاعر کا نام بھی لکھیے ۵

سوال نمبر۷۔ اپنی بہن کے نام ایک خط لکھیے جس میں کسی تاریخی عمارت کی سیر کا حال لکھیے ۱۰

یا پوسٹ ماسٹر صاحب کے نام درخواست لکھ کر ڈاک کے ناقص انتظام کی شکایت کیجیے۔ نظام کی اصلاح کی گزارش بھی کیجیے۔

سوال نمبر۸۔ تاریخِ پاکستان کے موضوع پر ایک استاد اور طالب علموں کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ ۵

یا " ایسے کو تیسا " کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔

سوال نمبر۹۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے ۔ ۵

(i) مدثر نے قرآن پڑھا ہوگا۔ (ii) میں نے قلم خریدنا ہے۔ (iii) اکرم نے فرحان دیکھا۔

(iv) فرہاد نے کمر کو باندھا اور محنت کی۔ (v) ایک گلاس، تین پلیٹیں، سات جگ ٹوٹ گیا۔

یا درج ذیل ضرب الامثال مکمل کیجیے۔

(i) بوڑھی گھوڑی .................. (ii) حساب جو جو .................. (iii) کاٹھ کی ہانڈی ..................

(iv) ہاتھی کے دانت .................. (v) پانی میں ..................



ParhloPakistan.com